# بچوں کی ملازمت کے ضابطہ آئین کا اطلاق
# کی ایک جامع راہنما

لیبر انسپکشن ڈویژن
لیبر ڈپارٹمنٹ ھانگ کانگ

A Concise Guide to the Employment of Children Regulations (Urdu – Pakistan version)

# فہرست مضامین

صفحہ

تعارف------------------------------------------------------- ۱

بچوں کی تعریف ------------------------------------------------- ۱

بچوں کی ملازمت پر عام ممانعت------------------------------------------ ۱

بچوں کی ملازمت جو ۱۳ سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں
اور فارم III مکمل کرلیا ہے------------------------------------------- ۲

بچوں کی ملازمت جو ۱۳ سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں
مگر فارم III مکمل نہیں کیا-----------------------------------------۲

اسکول میں حاضری کا تصدیق نامہ ---------------------------------------۳

دستاویزات جو مالک رکھے گا ------------------------------------------۳

تفریح فراہم کرنے والے بچوں کی ملازمت------------------------------- ۴

جرائم اور جرمانے ------------------------------------------------ ۴

دوسرے ملازمتی تحفظ------------------------------------------- ۴

تحقیقات اور شکایات --------------------------------------------- ۴

## تعارف

بچوں کی ملازمت کے ضابطہ آئین کا اطلاق، ملازمت کے قانون کے تحت بنایا گیا ہے (Cap. 57 ) ،صنعتی کام میں بچوں کی ملازمت کی ممانعت اور غیر صنعتی محکمہ میں بچوں کی ملازمت کو منظم کرتا ہے ،تاکہ ان کے اسکول میں خلّل نہ ہو۔
یہ راہنما سادہ طریقے سے ضابطہ آئین کے خاص شرائط کا احاطہ کرتی ہے تاکہ مالکان کو اپنی قانونی ذمہ داریاں اور بچوں کو اپنے قانونی حقوق متعلق ملازمت کی عام شرائط سمجھنے میں مدد ملے۔ یہ دھیان میں رکھنا چاہئیے کہ صرف قوانین اور ضابطہ آئین ازخود شرائط کی تشریح کے لئیے با اختیار رہیں گے۔

## بچوں کی تعریف

ملازمت کے قانون کے تحت " بچے" کی تعریف یوں بیان کی جاتی ہے کہ ایک شخص جس کی عمر ۱۵ سال سے کم ہو۔

## بچوں کی ملازمت پر عام ممانعت

(أ) کوئی بھی شخص صنعتی کام میں بچوں کو ملازم نہیں رکھے گا۔ ۱۳ سال سے کم عمر بچوں پر مزید ممانعت ہے کہ انھیں تمام اقتصادی حلقوں میں ملازم رکھا جائے۔
۱۳ سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کو غیر صنعتی محکموں میں ملازم رکھا جا سکتا اس شرط پر کہ وہ پورے وقت کے اسکول میں حاضری دیں اگر انھوں نے سیکنڈری تعلیم کا فارم III مکمل نہیں کیا تو، اور دوسری پابندیاں مندرجہ ذیل مفصّل بیان کی گئی ہیں۔
ایک بچہ جو کسی بھی ملازمت کی جگہ پر کام کرتا ہے ،آیا اجرت پر یا نہیں یہ سمجھا جائے گا کہ وہ وہاں پر قوانین کے تحت ملازم رکھا گیا۔

بچوں کے ضابطہ آئین کا اطلاق ان بچوں پر لا گو نہیں ہوتا جو کہ کارآموزی کے قانون( *Cap. 47*) کے تحت درج شدہ کارآموز ہیں۔

## بچوں کی ملازمت جو ۱۳ سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں اور فارم III مکمل کرلیا ہے

ایک بچه جو ۱۳ سال کی عمر کو پہنچ چکا ہے مگر ۱۵ سال سے کم ہے اور فارم III مکمل کر لیا ہے کو مندرجه ذیل شرائط کے تحت غیر صنعتی محکمه میں ملازم رکھا جا سکتا ہے ؛

(ا) اس کے والدین کو چاہئیے که اس کے ہونے والے مالک کو ثبوت پیش کریں که اس نے فارم III مکمل کرلی ہے ؛

(ب) اس کے والدین اس کی ملازمت کے لئیے تحریری اجازت دے چکے ہیں

(ت) وه ملازم نہیں رکھا جائے گا

(i) صبح ۷ بجے سے پہلے یا رات ۷ بجے کے بعد ؛

(ii) کسی بھی دن ۸ گھنٹے کے دورانیه سے زیادہ ؛

(iii) ۵ گھنٹے سے زیادہ مسلسل کام کرنے کے لئیے بغیر وقفے کے جو 1 گھنٹے سے کم نه ہو کھانے اور آرام کے لئیے؛ اور

(iv) کوئی بھی وزن اٹھانے کے لئیے جو ۱۸ کلوگرام سے زیادہ ہو

## بچوں کی ملازمت جو ۱۳ سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں مگر فارم III مکمل نہیں کیا

بشمول مندرجه بالا شرائط کے، بچوں کی ملازمت پر جو ۱۳ سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں مگر فارم III مکمل نہیں کیا پر مزید پابندیاں لگائی گئی ہیں :

(ا) اس کے والدین کو چاہئیے که اس کے ہونے والے مالک کو اسکول میں حاضری کا تصدیق نامه پیش کریں ؛

(ب) وه ملازم نہیں رکھا جائے گا

(i) اسکول کے گھنٹوں کے دوران کسی بھی اسکول کے دن ؛

(ii) اسکول کے ایام کے دوران

- کسی بھی اسکول کے دن ۲ گھنٹے سے زیادہ، یا
- کسی اور دن ۴ گھنٹے سے زیادہ ؛

(iii) گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران کسی بھی دن ۸ گھنٹے سے زیادہ ؛ اور

(iv) مندرجہ ذیل ممنوع پیشوں میں یا جگہوں پر

- کسی بھی عمارت اور اس کے متعلقات یا جگہ جہاں نشہ آور محلول بکتا یا استعمال ہوتا ہے،
- عوامی جگہوں پر جہاں کوڑا کرکٹ سے نبٹا جائے،
- خطرناک چیزوں کو ہاتھ میں لینا یا ان کو پہنچانا ,
- کسی بھی خطرناک مشین کا کا م جس میں کٹائی، پسائی، رولنگ، پریسنگ اور کچلنے وغیرہ، کا کام شامل ہے،
- کسی بھی ڈانس ہال، بلیئرڈ خانہ، یا جوئے کی جگہ پر،
- کسی بھی عوامی تفریح کی جگہ پر، غیر منافع بخش مقاصد کے علاوہ،
- کسی بھی ھوٹل، بورڈنگ ہاؤس، پکے ہوئے کھانے کی دکان، کیفے یا ریسٹورانٹ، وغیرہ کے کچن میں،
- باھر کی طرف سے کھڑکیوں کی صفائی زمین کی سطح سے ۳ میٹر اوپر،
- کسی بھی مذبح خانہ یا ذبح خانے میں،
- کسی بھی حجام خانہ یا مالش کرنے کی جگہ میں،

## اسکول میں حاضری کا تصدیق نامہ

"اسکول میں حاضری کا تصدیق نامہ" وہ دستاویز ہے جو اسکول کے سربراہ کی طرف سے جاری ہو گا،یہ تصدیق کرتے ہوئے کہ ملازم بچہ اسکول میں حا ضری دے رہا ہے۔ جب بچہ کو ملازمت کی پیشکش کی جائے تو بچہ کے والدین کو چاہئیے کہ اس تصدیق نامہ کے لئیے اسکول کو درخواست دیں۔

## دستاویزات جو مالک رکھے گا

ایک بچہ کے مالک کو چاہیئے کہ ہر بچہ ملازم کے متعلق مندرجہ ذیل دستاویزات اپنے پاس رکھے اور لیبر ڈپارٹمنٹ کے معائنہ افسر کے معائنے کے لئیے پیش کرے

(ا) ملازمت کے لئیے بچے کے والدین کا تحریری اجازت نام ؛

(ب) بچہ کے فارم III مکمل کرنے کا ثبوت یا اسکول میں حاضری کا درست تصدیق نامہ (یا کاپی) ؛ اور

(ج) ملازم بچے کا رکارڈ (فارم LD319)

## تفریح فراہم کرنے والے بچوں کی ملازمت

فن اور تربیت کے فروغ کے لئیے ہو سکتا ہے کہ کمشنر فار لیبر بعض پابندیوں کے تحت جیسا کہ کمشنر بیان کر سکتا ہے کسی بھی عمر کے بچوں کو ایک تفریح فراہم کرنے والے کی حیثیت سے ملازم رکھنے کی اجازت دے۔ مالک جو کہ تفریح فراہم کرنے والے بچوں کو ملازم رکھنے کا ارادہ رکھتا ہے کو چاہئیے کہ ملازمت شروع ہونے سے قبل کمشنر کو تحریری درخواست دے۔ تفصیلات کے لئیے ،براہ مہربانی حوالہ لیں "تفریح فراہم کرنے والے بچوں کی ملازمت کی ایک راہنما "۔

## جرائم اور جرمانے

کوئی بھی شخص جو بچوں کی ملازمت کے ضابطہ آئین کا اطلاق کی خلاف ورزی کرے گا تو ایک جرم کا مرتکب ہو جائے گا ، اور مجرم ثابت ہونے پر زیادہ سے زیادہ ۱۰،۰۰۰$ سے ۵۰،۰۰۰$ کے جرمانہ کا جوابدہ ہوگا۔

## دوسرے ملازمتی تحفظ

ملازمت کے قانون کے تحت پابند یاں جہاں مناسب ہوں بچہ ملازم پر لاگو ہوتی ہیں ۔ براہ مہربانی تفصیلات کے لئیے حوالہ لیں " ایک جامع راہنما قانون ملازمت کی "۔

## تحقیقات اور شکایات

بچوں کی ملازمت کے ضابطہ آئین کا اطلاق کے متعلق تحقیقات تحقیقاتی ہوٹ لائن ۲۷۱۷ ۱۷۷۱ پر کریں ("ہوٹ لائن ۲۳ ۱۸ سیٹیزنس ایزی لنک" سے دیکھی جاتی ہے) ، یا لیبر ڈپارٹمنٹ کے ہوم پیج کے ذریعے http://www.labour.gov.hk پر کریں۔

شکایات ۲۴ گھنٹے شکایات کی ہوٹ لائن ۲۲۰۰ ۲۸۱۵ پر کی جاسکتی ہیں یا ہیڈ کوائرآف لیبر انسپکشن ڈویژن کو ، لیبر ڈپارٹمنٹ F/ ۱۷ ہاربر بلڈنگ، پیئر ۳۸ روڈ، سنٹرل ہانگ کانگ کو بھیجی جا سکتی ہیں۔تمام شکایات کو نہایت رازداری کے ساتھ دیکھا جائے گا۔